لیٹیٹیا جیمز(**Letitia James**)
اٹارنی جنرل

دفتر برائے اٹارنی جنرل ریاست نیو یارک

# حقوق برائے امیگرینٹ ورکرز

## ورکرز کے حقوق اور آجروں کی ذمہ داریوں کو سمجھیں

ریاست نیویارک میں ورکرز کو حقوق حاصل ہیں — چاہے ان کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔ ریاستی قانون میں ورکرز کا یہ حق شامل ہے کہ انہیں کم از کم مطلوبہ اجرت ادا کی جائے اور آجروں کی ان کے غیر قانونی اقدامات کی شکایت کرنے پر ورکرز کو سزا دینے پر ممانعت ہے۔

دفتر برائے اٹارنی جنرل ریاست نیویارک (OAG) میں، ہم ورکرز کے خلاف امتیازی سلوک اور انتقامی کارروائیوں کے دعوؤں کو سنجیدگی سے لیتے ہیں — چاہے ان کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔ نیویارک کے قوانین برائے مزدور کی خلاف ورزیوں کی رپورٹ ہمارے دفتر میں کریں۔

**قانون برائے مزدور کی خلاف ورزی** کی رپورٹ کریں

### امیگرینٹ ورکرز کو کون سے قانونی حقوق حاصل ہیں؟

چاہے ورکر کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو، ریاست نیویارک اور مقامی قوانین ورکرز کو دیگر حقوق سمیت درج ذیل فراہم کرتے ہیں:

- »کم از کم اجرت اور اوور ٹائم کی ادائیگی
- »وہ اجرت جو آجر نے ورکر کو دینے کا وعدہ کیا ہو
- »خاندانی اور طبی رخصت
- »ورکرز کے معاوضے کی انشورنس
- »کام کرنے کا ایسا ماحول جو امتیاز اور ہراسانی سے پاک ہو
- »انتقامی کارروائی سے تحفظ (شکایت کرنے پر سزا)

### کیا کوئی آجر کسی ورکر سے اپنے کام کی اجازت کی تصدیق کرنے کی درخواست کر سکتا ہے؟

آجران کو کسی بھی ورکر کو بھرتی کرتے وقت کام کی اجازت کی دستاویزات کی درخواست طلب کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک آجر کسی ورکر سے ان کے کام کی اجازت کی دوبارہ تصدیق کی درخواست درج ذیل صورتوں میں کر سکتا ہے:

- »جب ورکر کی اجازت زائدالمیعاد ہو جائے یا ہونے والی ہو
- »اگر آجر کے پاس معقول وجہ ہو کہ ورکر کی اصل میں جمع کروائی گئی کام کرنے کی اجازت درست نہیں ہے

نیویارک کے قانون کے تحت، آجران کو نسل، قومیت، شہریت یا امیگریشن کی حیثیت کی بنیاد پر ورکرز کو ہراساں کرنے یا ان کے ساتھ امتیازی سلوک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

اس کے علاوہ، ایک آجر پوری افرادی قوت یا افرادی قوت کے کچھ حصے کے لیے کام کی اجازت کی دستاویزات کا آڈٹ کر سکتا ہے۔ تاہم، انہیں اپنا نمونہ منتخب کرنے کے لیے غیر جانبدار اور غیر امتیازی معیار استعمال کرنا ہو گا۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے ہیں، تو کام کی اجازت کی دوبارہ تصدیق کی درخواستیں امتیازی سلوک یا ہراساں کرنے والی ہو سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ایک آجر آڈٹ نہیں کر سکتا اور نہ ہی ورکرز کے آڈٹ کو دھمکی دے سکتا ہے کہ وہ ورکرز کی قانونی سرگرمی جیسا کہ کوششوں کو منظم کرنا یا کام کے حالات کے متعلق ورکرز کی شکایات کے نتیجے میں انتقامی کارروائی کریں یا سزا دیں۔

## انتقامی کارروائی کیا ہے؟

انتقامی کارروائی اس وقت ہوتی ہے جب کوئی آجر کسی ورکر کو کسی محفوظ سرگرمی میں ملوث ہونے پر سزا دینے کے لیے کچھ کرتا ہے۔ اس قسم کی محفوظ سرگرمی میں درج ذیل شامل ہیں :

« نیویارک کے قوانین برائے مزدور کی خلاف ورزیوں کے متعلق شکایت کرنا، بشمول کم از کم اجرت یا اوور ٹائم کی تنخواہ ادا نہ کرنا، وہ رقم ادا نہ کرنا جو آجر نے ادا کرنے کا وعدہ کیا ہے، یا معاوضہ یافتہ بیماری کی رخصت قبول نہ کرنا

« ریاست نیو یارک کے قوانین برائے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متعلق شکایت کرنا، جیسے امیگریشن کی حیثیت، شہریت، نسل، یا اصل قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا یا ہراساں کرنا

«ورکر کے معاوضے کے دعوے کی پیروی کرنا

« اجرت کی چوری، امتیازی سلوک یا کام کی جگہ پر تحفظ کے متعلق شکایت درج کرنا یا تحقیقات میں شرکت کرنا

## غیر ادا شدہ اجرت، امتیازی سلوک، ہراسانی یا کام کی جگہ پر تحفظ کے مسائل کے متعلق شکایت کرنے پر امیگرینٹ ورکرز کے خلاف آجر کی انتقامی کارروائی کی چند مثالیں کیا ہیں؟

آجروں نے مندرجہ ذیل کارروائی کی دھمکی یا کارروائی کر کے ورکرز کے خلاف غیر قانونی طور پر جوابی کارروائی کی ہے :

«قانون نافذ کرنے والے یا امیگریشن آفیشلز کو کال کرنا

«ملازمین کو برطرف کرنا یا ان کی تنخواہ روکنا

«کام کے اوقات کو کم کرنا یا کارکنوں کو بدتر شیڈول دینا

«ملازمین کی تنزلی یا تبادلہ

«کارکنوں کو سخت تر ڈیوٹی تفویض کرنا یا ان سے مزید پیداوار کا مطالبہ کرنا

«ملازمین کو آجر کی فراہم کردہ رہائش سے بے دخل کرنا

## اگر کوئی آجر کسی ورکر کی اطلاع امیگریشن آفیشلز کو دے تو کیا یہ غیر قانونی انتقامی کارروائی ہے؟

جی ہاں — اگر آجر نے ملازم کی رپورٹ امیگریشن آفیشلز کو اس وجہ سے دی کہ ملازم کسی محفوظ سرگرمی میں شامل تھا، جیسا کہ اجرت کے قوانین کی خلاف ورزیوں کی شکایت کرنا۔

## اگر کوئی آجر کسی ورکر کے خلاف غیر قانونی انتقامی کارروائی کرے تو اس کی کیا سزائیں ہیں؟

آجر کو ملازم کے نقصان کی ادائیگی کرنا پڑ سکتی ہے، جس میں $20,000 تک کے تعزیری نقصانات بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ مالک کو $20,000 تک کا جرمانہ بھی ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مزید یہ کہ مالک کلاس بی کے معمولی جرم کا بھی مرتکب ہو سکتا ہے۔

## نیویارک کے قانون برائے نفرت انگیزی کے جرائم کا کام کی جگہ پر کس طرح اطلاق ہوتا ہے؟

ریاست کا قانون برائے نفرت انگیز ی کے جرائم لوگوں کو تشدد، دھمکیوں اور ہراسانی سے تحفظ فراہم کرتا ہے جو نسل، اصل یا قومیت کی بنیاد پر ہوں۔ اس کے علاوہ، کسی شخص کو صرف اس کی نسل، اصل قومیت یا آباؤ اجداد کی بنیاد پر پولیس کو رپورٹ کرنا بھی قانون برائے نفرت انگیزی کے جرائم کی خلاف ورزی ہے۔ وہ آجر جو امیگرینٹ ورکرز کے ساتھ ان کی قومی شناخت کی بنیاد پر تشدد کرے، انہیں دھمکائے، ہراساں کرے یا پولیس کو محض اس وجہ سے رپورٹ کرے کہ وہ کسی خاص ملک سے ہیں، جبکہ یہ یقین کرنے کی کوئی معقول وجہ نہ ہو کہ انہوں نے کوئی جرم کیا ہے، تو ایسے آجر پر فوجداری اور دیوانی سزائیں عائد کی جا سکتی ہیں۔ نوٹ: عمومی طور پر یہ جرم نہیں ہے کہ کوئی فرد بغیر دستاویزات کے امریکا میں موجود ہو۔

## نیویارک کی کون سی ریاستی اور مقامی حکومتی ایجنسیاں امیگرینٹ ورکرز کے ساتھ غیر قانونی سلوک سے متعلق شکایات پر کارروائی کرتی ہیں؟

یہ حکومتی ایجنسیاں درج ذیل اقسام کی شکایات پر کارروائی کر سکتی ہیں۔

**دفتر برائے اٹارنی جنرل ریاست نیویارک (OAG)**

https://ag.ny.gov/file-complaint/employment

*غیر ادا کردہ اجرتیں، بیماری کی رخصت فراہم کرنے میں ناکامی، ورکرز کو معاوضے کے فوائد استعمال کرنے سے روکنا، امتیازی سلوک، ہراسانی، انتقامی کارروائی، جبری مشقت اور کام کی جگہ سے متعلق دیگر مسائل؛ قانون برائے نفرت انگیزی کے جرائم کی دیوانی خلاف ورزیاں*

**نیویارک شعبہ برائے مزدور**

https://dol.ny.gov/contact-dol

*غیر ادا کردہ اجرتیں، غیر قانونی کٹوتیاں، اجرت کے اضافی فوائد، کم از کم اجرت، اوور ٹائم، انتقامی کارروائی اور کام کی جگہ سے متعلق دیگر مسائل*

**نیویارک شعبہ برائے مزدور – عوامی ملازمین کی حفاظت و صحت (PESH)**

https://dol.ny.gov/public-employee-safety-health

*ریاست نیویارک کے تمام عوامی شعبے کے ملازمین کے لیے پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کا تحفظ*

**ریاست نیویارک ڈویژن برائے انسانی حقوق**

https://dhr.ny.gov/complaint

*ملازمت میں امتیازی سلوک اور انتقامی کارروائی*

**ریاست نیویارک دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت – پناہ گزین کے لیے سروسز**

https://otda.ny.gov/programs/bria/trafficking.asp

*انسانی اسمگلنگ سے بچ جانے والے افراد کے لیے معاونت سے متعلق معلومات*

**نیویارک سٹی کمیشن برائے انسانی حقوق**

https://www.nyc.gov/site/cchr/about/contact-us.page

*ملازمت میں امتیازی سلوک اور انتقامی کارروائی (نیویارک سٹی)*

**نیویارک سٹی شعبہ برائے صارف اور ورکرز کا تحفظ**

/site/dca/about/contact-us.page.nyc.govhttps://www
معاوضہ یافتہ بیماری کی رخصت (نیویارک سٹی)

## کیا کوئی مفت قانونی خدمات دستیاب ہیں؟

آپ درج ذیل ویب سائٹ پر مفت قانونی مدد تلاش کر سکتے ہیں:

**قانونی مدد نیویارک**
y.orghttps://www.lawhelpn

*مفت قانونی وسائل سے متعلق معلومات*

نوٹ | یہ رہنمائی صرف عمومی معلومات کے لیے ہے اور یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مشورے کے لیے کسی اٹارنی سے رجوع کریں۔